سوال

(73)شہریت حاصل کرنے کےلیے شادی شدہ عورت سے شادی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے اپنی بیوی سے اسلامی طریقے کے مطابق شادی کی اور میرے بھائی نے شہریت حاصل کرنے کےلیے اس سے کاغذی نکاح کرلیا۔ میری بیوی کو خدشہ ہے کہ کہیں یہ حرام نہ ہو۔ ہم ہر وقت اسی بارے میں مناقشہ کرتے رہتے ہیں۔ میری بیوی اس سلسلے میں بہت پریشان ہے۔ گزارش ہے کہ آپ اس مسئلے کی وضاحت کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب آپ کا نکاح شرعی شروط کے مطابق پہلے ہوچکا ہے تو پھر وہ بیوی آپ کی ہے اور آپ کے بھائی کا نکاح باطل ہے کس کا شرعی لحاظ سے کوئی اعتبار نہیں۔ آپ کے بھائی پر واجب ہے کہ اپنے کیے پر اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کرے اور آپ دونوں پر بھی واجب ہے کہ اگر آپ نے اس میں اس کا تعاون کیا ہے تو آپ دونوں بھی توبہ کریں نیز آپ کی بیوی کو مطمئن رہنا چاہئے کہ جب شرعی شروط کے ساتھ آپ دونوں کا نکاح ہوا ہے تو آپ کا نکاح صحیح ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی سیدھے راستے کی رہنمائی کرنے والا ہے۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

سلسلہ فتاویٰ عرب علماء 4

صفحہ نمبر 132

محدث فتویٰ